PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# جون تا اگست ۲۰۲۴ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹاسیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جارہاہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیاہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال (جون تا اگست ۲۰۲۴)


متوقع بارش (جون تا اگست ۲۰۲۴)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (جون تا اگست ۲۰۲۴)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (جون ۲۰۲۴)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (جولائی ۲۰۲۴)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (اگست ۲۰۲۴)




جون سے اگست ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص شمال مشرقی و وسطی پنجاب اور زیریں سندھ میں معمول سے زیادہ بارشیں متوقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

---

## ماہانہ امکانات (بارش)


- جون ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے قریب بارشیں ہونے کا امکان ہے۔
- جولائی اور اگست ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص پنجاب، سندھ، زیریں خیبر پختونخواہ، کشمیر اور بلوچستان کے کچھ حصوں (ساحلی اور مغربی) میں معمول سے زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ گلگت بلتستان اور بالائی خیبر پختونخواہ میں معمول سے قدرے کم بارشوں کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
National Agromet Center
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال (جون تا اگست ۲۰۲۴)


متوقع درجہ حرارت ((جون تا اگست ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جون تا اگست ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جون ۲۰۲۴)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جولائی ۲۰۲۴)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اگست ۲۰۲۴)




جون سے اگست ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔

## ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)


- جون اور جولائی ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔
- ماہ اگست ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول سے قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔ جبکہ وسطی پنجاب اور زیریں خیبر پختونخواہ میں اوسط درجہ حرارت معمول کے مطابق رہنے کا امکان ہے ۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

# اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صورتحال(جون تااگست ۲۰۲۴)

## پوٹھوہار





خطہ پوٹھوہار میں اگلے تین مہینوں بالخصوص جولائی کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اوسط درجہ حرارت جولائی میں بڑھنے اور اگست میں موسمی طرز پر دوبارہ سے کم ہونے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## وسطی پنجاب




وسطی پنجاب میں جون سے اگست ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

## جنوبی پنجاب





جنوبی پنجاب میں اگلے تین مہینوں بالخصوص جولائی اور اگست ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی سندھ





بالائی سندھ میں اگلے تین ماہ بالخصوص جولائی اور اگست ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔ اس دوران اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

## زیریں سندھ





زیریں سندھ میں اس مدت کے دوران بالخصوص جولائی اور اگست ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشوں کی توقع ہے۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر کم ہونے کا امکان ہے۔

## بالائی خیبر پختونخواہ





بالائی خیبر پختونخواہ میں جون سے اگست ۲۰۲۴ کے دوران کم بارشوں کے امکانات ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر جولائی میں بڑھنے اور اگست میں دوبارہ سے کم ہونے کی توقع ہے۔

## زیریں خیبر پختونخواہ





زیریں خیبر پختونخواہ میں اس مدت کے دوران نسبتاً مناسب بارش ہونے کی توقع ہے۔ اور اوسط درجہ حرارت جولائی میں بڑھنے اور اگست میں موسمی طرز پر دوبارہ سے کم ہونے کی توقع ہے۔

## شمال مغربی بلوچستان




شمال مغربی بلوچستان میں اس مدت کے دوران بالخصوص آخری دو مہینوں میں مناسب بارشوں کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر جولائی میں بڑھنے اور اگست میں دوبارہ سے کم ہونے کی توقع ہے۔

## وسطی بلوچستان





وسطی بلوچستان میں اس مدت کے دوران بالخصوص آخری دو مہینوں میں اچھی بارشیں متوقع ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




گلگت بلتستان میں مذکورہ مدت کے دوران کم بارشوں کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر جولائی میں بڑھنے اور اگست میں کم ہونے کا امکان ہے۔

## آزاد کشمیر




وادیٔ کشمیر میں بھی اس مدت کے دوران بالخصوص جولائی اور اگست میں اچھی مقدار میں بارشوں کے امکانات ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر جولائی میں بڑھنے اور اگست میں کم ہونے کی توقع ہے۔

**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
# National Agromet Center
**H-8/2, Islamabad**

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ موسم اور اگلے تین ماہ کی پیشگوئی کی بنیاد پر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

حالیہ شدید گرمی کی لہر کے باعث ملک کے بیشتر زرعی زمینوں میں موجود نمی کی مقدار کم رہی۔ جس کی وجہ سے موسمی فصلیں جیسے کہ کپاس، مونگ پھلی، گنا، موسمی سبزیاں اور باغات پانی کی کمی کا شکار ہیں اور ملک کے بیشتر حصوں میں اضافی آبپاشی کی ضرورت ہے۔

اگلے تین مہینوں (جون سے اگست ۲۰۲۴) کے دوران موسمی درجہ حرارت میں اضافے کے علاوہ، ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص پنجاب کے بالائی علاقوں اور جنوبی سندھ میں معمول کے مطابق یا اس سے زیادہ مون سون بارشوں کا امکان ہے۔ ان بارشوں سے پانی کی کمی پوری کی جاسکتی ہے اور ملک کے بیشتر حصوں میں کھڑی فصلوں اور سبزیوں کی صحت مند نشوونما کے لیے مناسب نمی پیدا ہو سکتی ہے۔

اس سال مون سون کے دوران ملک کے مخصوص مقامات پر تیز ہواؤں / گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش کی توقع ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ کپاس، مونگ پھلی، کماد اور چنے کی فصلوں کی آبپاشی اور سپرے سے متعلق سرگرمیاں متوقع موسمی صورتحال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے طے کی جائیں۔